هفت وار رسالہ: 392
WEEKLY BOOKLET: 392

شیخ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت،

بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرت علامہ مولانا محمد الیاس عطّارؔ قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ

کے قلم سے رمضانُ المبارک 2024 کی پُر کیف یادوں کا تصویری البم

مرحبا صد مرحبا پھر آ گیا رمضان ہے
کِھل اُٹھے مُرجھائے دل تازہ ہوا ایمان ہے

(قسط: 3)

# یادِ رمضان

(صفحات: 30)

یادِ عشرۂ رحمت
یادِ عشرۂ مغفرت
جہنّم سے آزادی کا عشرہ

آہ! اب رمضان اب جا رہا ہے
ہائے تڑپا کے رمضان چلا ہے

## کتاب پڑھنے کی دعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے یہ دعا پڑھ لیجئے ان شاءَ اللہ الکریم جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔
(اول آخر ایک بار درود شریف پڑھ لیجئے)

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَكَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

(مستطرف، 40/1)

## ہفتہ وار رسالہ مطالعہ

اَلحمدُ لِلّٰہ! امیرِ اہلِ سنّت بانیِ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا محمد الیاس عطار قادری رضوی ضیائی دامت بَرَکَاتُہُمُ العالیہ / خلیفۂ امیرِ اہلِ سنّت الحاج ابو اُسید عُبید رضا مَدَنی مُدَّظِلُّہُ العالی کی جانب سے ہر ہفتے ایک رسالہ پڑھنے یا سننے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ ماشاءَ اللہ! لاکھوں اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں یہ رسالہ پڑھ یا سُن کر امیرِ اہلِ سنّت / خلیفۂ امیرِ اہلِ سنّت کی دُعاؤں سے حصہ پاتے ہیں۔ یہ رسالہ Audio میں دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www. Dawateislami.net یا Read and listen Islamic book ایپلی کیشن سے فری ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔ اِس رِسالے کو ثواب کی نیت سے خود بھی پڑھیں اور اپنے مرحومین کے ایصالِ ثواب کے لئے تقسیم کریں۔ (شعبہ: ہفتہ وار رسالہ مطالعہ)


نام رسالہ: **یادِ رمضان** (قسط: 3)

مرتّب : ابو محمد طاہر عطاری مدنی

پہلی بار : جمادَی الآخرہ ۱۴۴۶ھ، دسمبر 2024ء

تعداد : 30000 (تیس ہزار)

ناشر : مکتبۃ المدینہ، عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ، کراچی۔



التجا

کسی اور کو یہ رسالہ چھاپنے کی اجازت نہیں ہے۔

کتاب کی طباعت میں نمایاں خرابی ہو یا صفحات کم ہوں یا بائنڈنگ میں آگے پیچھے ہو گئے ہوں تو مکتبۃُ المدینہ سے رجوع کیجئے۔

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ وَنُسَلِّمُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖن

**دعائے عطار:** یاربَّ المصطفےٰ! جو کوئی 30 صفحات کا رسالہ ''یادِ رمضان (قسط:3)'' پڑھ یا سُن لے اُسے رمضانِ مدینہ دکھا اور اُس کو ماں باپ اور خاندان سمیت جنّتُ الفردوس میں بے حساب داخلہ عطا فرما۔ اٰمین بجاہِ خاتمِ النّبیّٖن صلّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم

## پہلے اِسے پڑھیں

امیرِ اہلِ سنّت بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علّامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ اپنی مصروفیات میں سے کچھ وقت نکال کر، گزشتہ دو سالوں کی طرح اس سال بھی **''نیکی کی دعوت''** کے پیشِ نظر ماہِ رمضان شریف میں روزانہ ایک مدنی پھول لکھ کر راقم (ابو محمد طاہر عطاری مَدَنی) کو عنایت فرماتے، اُن دِنوں میں دعوتِ اسلامی کی مجلس Social Media سے بھی امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ کی یہ تحریرات عام (Viral) ہوتی تھیں۔ اَب ان تحریرات کو جمع کرکے رسالہ بنام **''یادِ رمضان، قسط نمبر:3''** کی صورت میں دعوتِ اسلامی کی مجلس المدینۃُ العلمیہ (اسلامک ریسرچ سینٹر) کے شعبہ ''ہفتہ وار رسالہ'' کی جانب سے جاری کیا جارہا ہے۔ اللہ پاک کے فضل و کرم سے **''یادِ رمضان، قسط نمبر: 1 اور 2''** کی طرح **''یادِ رمضان، قسط نمبر:3''** میں بھی مضمون کی مُناسبت سے ڈیزائنگ کی گئی ہے گویا ایک حد تک ہر صفحہ **''بولتا سبق''** بھی ہے۔ مَدَنی چینل کا علم و حِکمت سے بَھرپُور، مقبولِ عام پروگرام **''مدنی مذاکرہ''** دیکھنے، سُننے کا شوق رکھنے والوں کے لئے

”یادِ رمضان، قسط: 1 اور 2“ کی طرح ”یادِ رمضان، قسط: 3“ میں بھی عصر کے بعد اور تراویح کے بعد ہونے والے مدنی مذاکروں کے QR کوڈ ہر صفحے پر دیئے گئے ہیں، جنہیں اِسکین کر کے عاشقانِ رسول علمِ دین کی بَرَکات حاصل کرسکتے ہیں۔ (رمضان شریف میں ہر جمعرات کو عصر کے بعد ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع کی وجہ سے مدنی مذاکرہ نہیں ہوتا تھا اِس لئے جمعرات کے کیو آر کوڈ شامل نہیں ہیں۔) **”یادِ رمضان، قسط نمبر: 3“** میں دیئے گئے QR کوڈ میں ایک اور اضافہ کیا گیا ہے کہ روزانہ فجر کے بعد نگرانِ شوریٰ حاجی محمد عمران عطاری مُدَّ ظِلُّہُ العالی کے بیان کے بعد امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ (کراچی) میں پورے ماہ کا اعتکاف کرنے والے عاشقانِ رسول کو **”نماز کے احکام“** وغیرہ کے مُتعلّق دینی مسائل بیان فرماتے تھے، روزانہ کی اُس نشست کا QR کوڈ بھی اس میں شامل کیا گیا ہے۔ اللہ پاک امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ کا سایہ صحت وعافیت کے ساتھ ہم پر دراز فرمائے اور ان کے صدقے ہماری بے حساب بخشش فرمائے۔ اللہ پاک اِس کتاب پر کام کرنے والوں کو بار بار حج وزیارتِ مدینہ سے نوازے اور اس کام کو ان کے لئے ذریعۂ نجات بنائے۔

اٰمین بجاہِ خاتمِ النّبیّٖن صلّی اللّٰہُ علیہ واٰلہٖ وسلّم

طالبِ غمِ مدینہ وبقیع وبے حساب مغفرت

ابو محمد طاہر عطاری مَدَنی

**نوٹ:** فجر کی نماز کے بعد ہونے والے نماز کے مسائل والے حلقے 13 رمضان المبارک تک مسلسل ہیں اس کے بعد بعض مقامات پر دو سے تین دن کے حلقوں کی ویڈیوز کا ایک ہی QR کوڈ ہے اور کچھ دن یہ مدنی حلقے نہیں ہوئے۔

یادِ رمضان
مدینہ

جس دسترخوان پر سبزی ہو اُس پر فرشتے تشریف لاتے ہیں، لٰہذا دسترخوان پر سبزی ہونا مُستحب ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب
صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

جس دسترخوان پر سبزی ہو اُس پر فرشتے تشریف لاتے ہیں،
لٰہذا دسترخوان پر سبزی ہونا مُستَحَب ہے۔(احیاء العلوم،2/22)



بعد تراویح مدنی مذاکرہ

بعدِ عصر مدنی مذاکرہ

بعدِ فجر بیان




فرمانِ آخری نبی صلَّی اللہُ علیہ واٰلہٖ وسلَّم: اَلسَّعِیْدُ مَنْ وُّعِظَ بِغَیْرِہٖ۔ یعنی: خوش نصیب ہے وہ جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔

مرحبا صد مرحبا پھر آگیا رمضان ہے
کِھل اُٹھے مُرجھائے دل تازہ ہوا ایمان ہے

محمد الیاس قادری
۲ رمضان المبارک ۱۴۴۰ھ
13-3-
-۱۹ء-

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب
صَلَّی اللہُ علٰی محمَّد

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: اَلسَّعِیْدُ مَنْ وُعِظَ بِغَیْرِہٖ،
یعنی: خوش نصیب ہے وہ جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔
(ابن ماجہ، 1/35، حدیث:46)

بعد تراویح مدنی مذاکرہ
بعد عصر مدنی مذاکرہ
بعدِ فجر بیان





## ساس کے ساتھ اچّھا برتاؤ

خاتونِ جنّت حضرت بی بی فاطِمہ رضی اللہ عنہا اپنی ساس صاحِبہ (صحابیۂ نبی حضرت فاطِمہ بنتِ اسد رضی اللہ عنہا) کی خدمت کیا کرتی تھیں۔ حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ نے اپنی امّی جان سے فرمایا: حضرت بی بی فاطِمہ (آپ کی اتنی خدمت کریں گی کہ) آپ کو گھر کے کاموں سے بے پروا کردیں گی۔

| | |
|---|---|
| صالحہ پارسا | سیّدہ فاطِمہ |
| عابدہ زاہدہ | سیّدہ فاطمہ |

صلّوا علی الحبیب صلّی اللہ علیٰ محمّد

## ساس کے ساتھ اچّھا برتاؤ

خاتونِ جنّت حضرت بی بی فاطِمہ رضی اللہُ عنہا اپنی ساس صاحِبہ (صحابیۂ نبی حضرت فاطِمہ بنتِ اسد رضی اللہُ عنہا) کی خدمت کیا کرتی تھیں۔ حضرت مولیٰ علی رضی اللہُ عنہ نے اپنی امّی جان سے فرمایا: حضرت بی بی فاطِمہ (آپ کی اتنی خدمت کریں گی کہ) آپ کو گھر کے کاموں سے بے پروا کردیں گی۔ (اَلْاِصَابَۃُ، 8/269 ملخصًا)

بعدِ تراویح مدنی مذاکرہ — بعدِ عصر مدنی مذاکرہ — بعدِ فجر بیان

اللہ

مجھے ماہِ رمضان سے پیار ہے

واہ! کیا بات ماہِ رمضان کی

رمضان المبارک ۱۴۴۵ھ کی چوتھی رات ہونے والے مدنی مذاکرے (مدنی چینل LIVE) میں حلال و حرام پرندوں کے بارے میں سوال جواب ہوئے اُس میں بہارِ شریعت کے حوالے سے یاد رکھنے کے قابل یہ اُصول بیان کیا:

"پنجے والا پرندہ جو پنجے سے شکار کرتا ہے حرام ہے" (جیسے چیل، باز وغیرہ)

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علیٰ محمد

محمد الیاس قادری
۴ رمضان ۱۴۴۵ھ
15-3-24




رَمضان المبارک 1445ھ کی چوتھی رات ہونے والے مدنی مذاکرے (مدنی چینل Live) میں حلال و حرام پرندوں کے بارے میں سوال جواب ہوئے اُس میں بہارِ شریعت کے حوالے سے یاد رکھنے کے قابل یہ اُصول بیان کیا:

"پنجے والا پرندہ جو پنجے سے شکار کرتا ہے حرام ہے" (جیسے چیل، باز وغیرہ)

(بہارِ شریعت، 3/ 324، حصہ:15)




بعدِ فجر بیان

بعد تراویح مدنی مذاکرہ



یادِ رمضان

والا ماہِ رمضان

## جنّت میں ہنستے ہوئے داخلہ

صحابیِ نبی حضرت سیّدُنا ابو درداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

جو جنّت میں ہنستا ہوا داخل ہونا چاہتا ہو اُسے چاہیے کہ

اللہ پاک کے ذِکر سے ہمیشہ اپنی زبان تر رکھے۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علی محمّد

جنّت میں ہنستے ہوئے داخلہ

صَحابیِ نبی حضرت سیّدُنا ابو درداء رضی اللہُ عنہ فرماتے ہیں: جو جنّت میں ہنستا ہوا داخِل ہونا چاہتا ہو اُسے چاہیے کہ اللہ پاک کے ذِکر سے ہمیشہ اپنی زبان تَر رکھے۔

(اَلْکَوَاکِبُ الدُّرِّیَّۃ 1/117)

بعدِ تراویح مدنی مذاکرہ | بعدِ عصر مدنی مذاکرہ | بعدِ فجر بیان



# عبادت میں سستی کی وجہ

حضرتِ مولیٰ علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: "گناہوں کی نحوست سے عبادت میں سستی اور رزق میں تنگی آتی ہے۔"

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

عبادت میں سُستی کی وجہ

حضرتِ مولیٰ علی رضی اللہُ عنہ فرماتے ہیں:
"گناہوں کی نحوست سے عبادت میں سُستی اور رزق میں تنگی آتی ہے۔"
(اَلْکَوَاکِبُ الدُّرِّیَّۃ، 1/106)



بعدِ فجر بیان
بعد عصر مدنی مذاکرہ
بعد تراویح مدنی مذاکرہ



# نعمتیں بچائیے

”اللہ پاک کی نافرمانیاں اکثر اوقات نعمتیں جاتی رہنے کا سبب بنتی ہیں۔“

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علی محمد

نعمتیں بچائیے

”اللہ پاک کی نافرمانیاں اکثر اوقات نعمتیں جاتی رہنے کا سبب بنتی ہیں“

(فتح الباری، 12/ 257)



بعد فجر بیان


بعد عصر مدنی مذاکرہ

بعد تراویح مدنی مذاکرہ

# اللہ کی ناراضی کی نشانی

حضرت عبد اللہ عَلَوی شافِعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اللہ پاک کی نظرِ رحمت سے محرومی اور اُس کی ناراضی کی نشانی یہ ہے کہ بندہ گناہوں میں مُبتلا ہو جائے۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمد



## اللہ کی ناراضی کی نشانی

حضرت عبد اللہ عَلَوی شافعی رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: اللہ پاک کی نظرِ رحمت سے محرومی اور اُس کی ناراضی کی نشانی یہ ہے کہ بندہ گناہوں میں مُبتَلا ہو جائے۔

(رِسَالَۃُ الْمُذَاکَرَۃِ مَعَ الْاِخْوَانِ الْمُحِبِّیْنَ مِنْ اَھْلِ الْخَیْرِ وَالدِّیْنِ، ص 23)

بعدِ فجر بیان | بعدِ عصر مدنی مذاکرہ | بعدِ تراویح مدنی مذاکرہ

یادِ رمضان

رمضان شریف کی نویں رات مدنی مذاکرے میں یہ بھی کہا گیا کہ

ایک فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم میں یہ بھی ہے:

(راستے کے حقوق ہیں:) نگاہیں نیچی رکھنا، تکلیف دِہ چیز کو ہٹانا،

سلام کا جواب دینا اور برائی سے منع کرنا۔

محمد الیاس عطار قادری

۹ رمضان شریف ۱۴۴۵ھ

20-3-24

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

رمضان شریف کی نَویں رات مدنی مذاکرے میں یہ بھی کہا گیا کہ ایک فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم میں یہ بھی ہے: (راستے کے حقوق ہیں:) نگاہیں نیچی رکھنا، تکلیف دِہ چیز کو ہٹانا، سلام کا جواب دینا اور برائی سے مَنْع کرنا۔

(بخاری، 4/165، حدیث: 6229 ملتقطاً)



# مہنگائی کا علاج

رَمَضان المبارک کی دسویں رات مَدَنی مُذاکرے میں یہ پیاری روایت بیان کی گئی: مکۂ مکرمہ میں ایک بار کشمش کا دام بڑھ گیا حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کی خدمتِ بابرکت میں شکایت کی گئی تو فرمایا: "تم لوگ کشمش کے بدلے کھجور استِعمال کرو (تو کشمش کی مانگ کم ہو جانے کی وجہ سے) اس کی قیمت خود ہی گِر جائے گی۔"

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمد

آہ! عشرۂ رحمت الوداع!

## مہنگائی کا علاج

رَمَضان المبارک کی دسویں رات مَدَنی مُذاکرے میں یہ پیاری روایت بیان کی گئی: مکۂ مکرمہ میں ایک بار کشمش کا دام بڑھ گیا حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کی خدمتِ بابرکت میں شکایت کی گئی تو فرمایا: "تم لوگ کشمش کے بدلے کھجور استِعمال کرو (تو کشمش کی مانگ کم ہونے کی وجہ سے) اس کی قیمت خود ہی گِر جائے گی۔" (تاریخ اِبنِ مَعین، ص168)







رمضان شریف کا
دوسرا جمعہ
مبارک ہو

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللّٰہُ علیٰ محمّد

محمد الیاس قادری
۱۱ رمضان المبارک ۱۴۴۵ھ
22-3-24

بعد تراویح مدنی مذاکرہ

بعد فجر بیان





# جنّت کا درمیانی دروازہ

۱۲ رمضان شریف ۱۴۴۵ھ کے مدنی مذاکرے (رات) میں یہ حدیثِ پاک بھی بیان ہوئی: فرمانِ مصطفےٰ صلَّی اللّٰہُ علیہ وٰالہٖ وسلَّم:

"باپ جنّت کا درمیانی دروازہ ہے تیری مرضی ہے اس کی حفاظت کر یا اسے چھوڑ دے۔"

سگِ مدینہ محمد الیاس عطار قادری ۱۲ رمضان المبارک ۱۴۴۵ھ 23-3-24

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللّٰہ علٰی محمّد

## جنّت کا درمیانی دروازہ


12 رمضان شریف 1445ھ کے مدنی مذاکرے (رات) میں یہ حدیثِ پاک بھی بیان ہوئی:

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "باپ جنّت کا درمیانی دروازہ ہے تیری مرضی ہے اس کی حفاظت کر یا اسے چھوڑ دے۔"


(ترمذی، 3/359، حدیث: 1906)




بعدِ فجر بیان | بعدِ عصر مدنی مذاکرہ | بعدِ تراویح مدنی مذاکرہ



# رَمَضان نام کی حکمت

خادِمُ النّبی حضرت اَنَس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

رَمَضان کا نام، رَمَضان اس لیے رکھا گیا کہ رَمَضان گناہوں کو پِگھلا کر جلا دیتا ہے۔

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب
صَلَّی اللّٰہُ علٰی مُحمّد

## رَمَضان نام کی حکمت

خادِمُ النّبی حضرت اَنَس رضی اللہُ عنہ فرماتے ہیں: رَمَضان کا نام، رَمَضان اس لئے رکھا گیا کہ رَمَضان گناہوں کو پِگھلا اور جَلا دیتا ہے۔(فیض القدیر، 3/32)

RAMADAN

حضرت ابو بکر بن عیاش رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: "اگر کسی کا ایک دِرہم کہیں گر جائے تو دن بھر افسوس کرتا پھرے اور کہتا رہے کہ "میرا دِرہم گُم ہو گیا ہے۔" مگر سارا دن غفلت میں گزر جانے کے باوُجود کبھی یہ نہیں کہتا کہ ہائے افسوس! میرا سارا دن چلا گیا میں نے اس میں کوئی نیک عمل نہیں کیا۔"

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

حَضرت ابو بکر بن عیاش رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: "اگر کسی کا ایک دِرہم کہیں گِر جائے تو دن بھر افسوس کرتا پھرے اور کہتا رہے کہ "میرا دِرہم گُم ہوگیا ہے۔" مگر سارا دن غفلت میں گزر جانے کے باوُجود کبھی یہ نہیں کہتا کہ ہائے افسوس! میرا سارا دن چلا گیا میں نے اس میں کوئی نیک عمل نہیں کیا۔"

(حِفْظُ العُمُر لِابْنِ جَوْزِی، ص36 بتغیر)

بعدِ عصر مدنی مذاکرہ

بعد تراویح مدنی مذاکرہ

# آبِ کوثر کے 70 جام

فرمانِ مصطفےٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم: ”جس نے اپنے بچّے (یا بچّی) کو بچپن میں پانی پلایا، اللہ پاک بروزِ قیامت اُسے آبِ کوثر سے 70 مرتبہ پلائے گا۔“

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علٰی محمّد

26-3-24

## آبِ کوثر کے 70 جام

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جس نے اپنے بچّے (یا بچّی) کو بچپن میں پانی پلایا، اللہ پاک بروزِ قیامت اُسے آبِ کوثر سے 70 مرتبہ پلائے گا۔“

(جَمْعُ الْجَوَامِع، 7/176، حدیث: 22110)

بعدِ عصر مدنی مذاکرہ

بعدِ تراویح مدنی مذاکرہ

اللہ

رمضان کا تیسرا جمعہ مبارک

یادِ رمضان

# عبادت میں لذّت پانے کا نُسخہ

"جو شخص لَا یَعْنِیْ، فضول چیزوں کی طرف نظر نہ کرے تو عبادت کی لذّت اور مُناجات کی حَلاوَت (یعنی مٹھاس) پائے اور دل میں ایسی صفائی جو اس سے پہلے کبھی نہ ملی ہوگی۔۔۔۔"

١٦ رمضان المبارک ١٤٤٥ھ 27-3-24 محمد الیاس قادری

## عبادت میں لذّت پانے کا نُسخہ

" جو شخص لایَعنِیْ، فُضول چیزوں کی طرف نظر نہ کرے تو عبادت کی لذّت اور مُناجات کی حَلاوَت (یعنی مِٹھاس) پائے اور دل میں ایسی صفائی جو اس سے پہلے کبھی نہ مِلی ہو گی۔ " (مختصر منہاج العابدین، ص 63)

بعد فجر بیان | بعد عصر مدنی مذاکرہ | بعد تراویح مدنی مذاکرہ

# مسجد میں دُنیا کی باتیں

ایک روایت میں ہے: جو لوگ غیبت کرتے اور مسجد میں دنیا کی باتیں کرتے ہیں اُن کے مُنہ سے وہ گندی بدبُو نکلتی ہے جس سے فرشتے اللہ پاک کے حُضور اُن کی شِکایت کرتے ہیں۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہُ علیٰ محمّد

مسجد میں دُنیا کی باتیں

ایک روایت میں ہے: جو لوگ غیبت کرتے اور مسجد میں دنیا کی باتیں کرتے ہیں اُن کے مُنہ سے وہ گندی بَدبُو نکلتی ہے جس سے فرشتے اللہ پاک کے حُضور اُن کی شِکایت کرتے ہیں۔ (فتاوی رضویہ، 16/312)



الٰلّٰہ

# سفید لباس

مسجِد میں سفید لباس پہن کر آنا مُسْتَحَب ہے

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب
صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

۱۶ رمضان المبارک ۱۴۴۵ھ
27-3-24

## سفید لباس

مسجِد میں سفید لباس پہن کر آنا مُستَحَب ہے۔[1]

(لمعات التنقیح، 1/ 198)



---

1 ...18 رمضان کی تحریر موجود نہیں۔

بعدِ فجر بیان

بعد تراویح مدنی مذاکرہ

آہ عشرۂ مغفرت الوداع
ہ ہ ہ ہ ہ

## بڑی عمر میں حُصُولِ علم کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: جو بچپن میں علمِ دین حاصل نہ کرسکا مگر بڑی عمر میں حاصل کرنے میں لگ گیا تو جب وہ فوت ہوگا اُس کو شہید کا مرتبہ ملے گا۔

صَلُّوا عَلَی الحبیب
صَلَّی اللّٰہُ علیٰ محمّد

## بڑی عمر میں حُصُولِ علم کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ والہٖ وسلم: جو بچپن میں علمِ دین حاصل نہ کر سکا مگر بڑی عمر میں حاصل کرنے میں لگ گیا تو جب وہ فوت ہو گا اُس کو شہید کا مَرتبہ ملے گا۔ (کَنْزُ الْعُمَّال، حصہ:10، 70/5، رقم:28839)



بعد عصر مدنی مذاکرہ
بعد تراویح مدنی مذاکرہ

# عید کی خوشیاں اور غُربا


ممکن ہو تو: اپنی مسجد کے امام، مؤذِّن اور خادِم، غریب رشتے دار اور پڑوسی وغیرہ خُصوصاً ضَرورتمند ساداتِ کرام کی ایسی مالی ترکیب فرما دیجئے کہ یہ اور ان کے بچّے بھی عید کی خوشیوں میں شریک رہیں۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمد

الوداع عشرۂ مغفرت

عید کی خوشیاں اور غُربا

ممکن ہو تو: اپنی مسجد کے امام، مؤذِّن اور خادِم، غریب رشتے دار اور پڑوسی وغیرہ خُصوصاً ضَرورتمند ساداتِ کرام کی ایسی مالی ترکیب فرما دیجئے کہ یہ اور ان کے بچّے بھی عید کی خوشیوں میں شریک رہیں۔




بعدِ عصر مدنی مذاکرہ

بعد تراویح مدنی مذاکرہ

جہنم سے آزادی کا عشرہ

اللہ

یادِ رمضان

# عمامے کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم ''عمامے کے ساتھ دو رَکعت نماز بغیر عمامے کی 70 رَکعتوں سے افضل ہے''۔

صلوا علی الحبیب
صلی اللہ علی محمد

## عِمامے کی فضیلت

فرمانِ آخِری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم !''عِمامے کے ساتھ دو رَکعت نماز بغیر عمامے کی 70 رَکعتوں سے افضل ہے۔'' (اَلْفِردَوس بِماْثُورِ الْخِطَاب، 1/ 410، حدیث:3054)



بعدِ عصر مدنی مذاکرہ

بعدِ تراویح مدنی مذاکرہ

# گندا پیٹرول

گندا پیٹرول موٹر کی مشین کو خراب کردیتا ہے، گندی حرام غذا انسان کی مَشینری بگاڑ دیتی اور دل و دماغ، خیال و نیّت سب کو خراب کردیتی ہے۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علٰی محمّد

## گندا پیٹرول

گندا پیٹرول موٹر کی مشین کو خراب کر دیتا ہے، گندی حرام غذا انسان کی مَشینری بِگاڑ دیتی اور دل و دماغ، خیال و نیّت سب کو خراب کر دیتی ہے۔

(مراٰۃ المناجیح، 7/137 ملخصًا۔ 5/391 ملخصًا)



# جنّت میں گھر

فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم :

”جو صف کے خلا (یعنی GAP) کو پُر کرے گا، اللہ پاک اُس کا ایک درجہ بُلند فرمائے گا اور اُس کیلئے جنّت میں ایک گھر بنائے گا۔“

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمّد



## جنّت میں گھر

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم :

”جو صَف کے خَلا (یعنی GAP) کو پُر کرے گا، اللہ پاک اُس کا ایک درجہ بُلند فرمائے گا اور اُس کیلئے جنّت میں ایک گھر بنائے گا۔“

(معجم اوسط، 4/225، حدیث:5797)

بعد تراویح مدنی مذاکرہ

بعد عصر مدنی مذاکرہ

بعد فجر بیان

٢٤ ویں رمضان شریف کے مدنی مذاکرے میں یہ روایت بیان ہوئی:
توریت شریف کے حوالے سے ہے: اے موسیٰ! چہرے پر مُسکراہٹ سجائے رکھو اور نرم رَوَیّہ اِختیار کرو، لوگ تمھیں سونا چاندی بانٹنے والے شخص سے زیادہ چاہنے لگیں گے۔

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمد

24 ویں رمضان شریف کے مدنی مذاکرے میں یہ روایت بیان ہوئی:

تورِیت شریف کے حوالے سے ہے: اے موسیٰ! چہرے پر مُسکراہَٹ سجائے رکھو اور نرم رَوَیّہ اِختیار کرو، لوگ تمھیں سونا چاندی بانٹنے والے شخص سے زیادہ چاہنے لگیں گے۔ (اَلذَّخائِرُ وَالْاَعْلَاق لِلْاِشْبِیلِی، ص343)




بعدِ تراویح مدنی مذاکرہ

بعدِ عصر مدنی مذاکرہ

اللہ

بابِ رمضان

جمعۃ الوداع مبارک ہو

ہائے انتظار کے رمضان چلا ہے ٥٥٥٥٥

# اِفطار و عیدی

امامِ اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے استاذِ محترم تابِعی بزرگ حضرت سیّدنا حمّاد رحمۃ اللہ علیہ رمضان شریف میں ٥٠٠ لوگوں کو اِفطار کرواتے اور عید کے دن ہر ایک کو سَو سَو درھم عطا فرماتے۔

الٰہی! آگیا رمضان کا آخری جمعہ
رہائی نارِ جہنم سے ہو عطا یارب!

صلّوا علی الحبیب صلّی اللہ علیٰ محمّد

## اِفطار و عیدی

امامِ اعظم ابو حنیفہ رحمۃُ اللہِ علیہ کے استاذِ محترم تابِعی بزرگ حضرت سیّدنا حمّاد رحمۃُ اللہِ علیہ رمضان شریف میں 500 لوگوں کو اِفطار کرواتے اور عید کے دن ہر ایک کو سو (100) سو (100) درھم عطا فرماتے۔ (سِیَرُ اَعلَامِ النُّبلَاءِ، 234/5)





بعدِ تراویح مدنی مذاکرہ

# روزی کا اِنتظام ہو جائے گا

فرمانِ آخری نبی صلّی اللّٰہ علیہ واٰلہ وسلّم: ”جو علمِ دین حاصل کرے گا اللّٰہ پاک اُس کی مُشکلیں آسان فرما دے گا اور اُسے وہاں سے رِزق عطا فرمائے گا جہاں گُمان (یعنی خیال) بھی نہ ہو گا۔“

صلُّوا علی الحبیب
صلّی اللّٰہُ علٰی محمّد

## روزی کا اِنتظام ہو جائے گا

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: ”جو علمِ دین حاصل کرے گا اللہ پاک اُس کی مُشکلیں آسان فرما دے گا اور اُسے وہاں سے رِزق عطا فرمائے گا جہاں گُمان (یعنی خیال) بھی نہ ہو گا۔“ (جَامِعُ بَیَانِ الْعِلْمِ وَفَضْلِہٖ، ص66، حدیث:198)



بعدِ عصر مدنی مذاکرہ

بعد تراویح مدنی مذاکرہ

# لَیلۃُ الْقَدْر سے حِصّہ

26 رمضان شریف بعدِ عصر مدنی مذاکرے میں بیان کیا گیا، حدیثِ پاک میں ہے:

"جس نے عشا کی نماز باجماعت پڑھی تحقیق اُس نے **لَیلۃُ الْقَدْر** سے اپنا حصّہ حاصل کرلیا۔"

محمد الیاس عطار قادری، ۲۷ رمضان المبارک ۱۴۴۵ھ، 7-4-24

صلُّوا علی الحبیب

صلَّی اللّٰہُ علٰی محمّد

قلبِ عاشق ہے اب پارہ پارہ الوداع الوداع آہ! رمضان

کلفتِ ہجرو فرقت نے مارا الوداع الوداع آہ! رمضان

## لَیلۃُ الْقَدْر سے حِصّہ

26 رمضان شریف بعدِ عصر مدنی مذاکرے میں بیان کیا گیا،

حدیثِ پاک میں ہے: "جس نے عشا کی نماز باجماعت پڑھی تحقیق اُس نے لَیلۃُ الْقَدْر سے اپنا حصّہ حاصل کرلیا۔" (معجم کبیر، 8/179، حدیث: 7745)

بعدِ تراویح مدنی مذاکرہ

بعدِ عصر مدنی مذاکرہ

بعدِ فجر بیان

اللہ

آہ! الوداع رمضان

بہار رمضان مدینہ

## صبر جنّت میں لے جائے گا

حضرت سیّدُنا سُفیان بن عُیَیْنہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

”بندوں کو صبر سے افضل کوئی نعمت نہیں دی گئی، اِسی کی بدولت وہ داخلِ جنّت ہوں گے۔“

صلّوا علی الحبیب صلّی اللہ علیٰ محمّد

اب گھڑی ہائے! رخصت کی آئی
ماہِ رمضان سے ہوگی جدائی

دیدو اب غمِ مدینے کا دیدو
مجھ کو عیدی میں شاہِ زمانہ

## صَبُر جنَّت میں لے جائے گا

حضرت سیّدُنا سُفیان بن عُیَیْنہ رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: ”بندوں کو صَبُر سے افضل کوئی نعمت نہیں دی گئی، اِسی کی بَدولت وہ داخِلِ جنَّت ہوں گے۔“

(مَوْسُوْعَۃُ لِاِمَامِ اِبْنِ اَبِی الدُّنْیَا، 4/32، رقم: 60)

بعد عصر مدنی مذاکرہ

بعد تراویح مدنی مذاکرہ



# مُعاف کرنے کا ثواب

۲۹ رمضان ۱۴۴۵ کو فجر کے بعد یہ روایت بیان کی گئی: فرمانِ آخری نبی صلّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلّم: حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے عرض کی: اے میرے پروردگار! تیرے بندوں میں سے سب سے زیادہ کون تیری بارگاہ میں عزّت والا ہے؟ اللہ پاک نے ارشاد فرمایا: ”وہ بندہ جو بدلہ لینے پر قادِر ہونے کے باوُجود مُعاف کردے۔“

آہ! رمضان اب جا رہا ہے
ہائے تڑپا کے رمضان چلا ہے

صلّوا علی الحبیب صلّی اللہ علیٰ محمّد

## مُعاف کرنے کا ثواب

29 رمضان 1445 کو فجر کے بعد یہ روایت بیان کی گئی:

فرمانِ آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: حضرت موسیٰ علیہ السّلام نے عرض کی: اے میرے پروردگار! تیرے بندوں میں سب سے زیادہ کون تیری بارگاہ میں عزّت والا ہے؟ اللہ پاک نے ارشاد فرمایا: ”وہ بندہ جو بدلہ لینے پر قادِر ہونے کے باوُجود مُعاف کردے۔“ (شعبُ الایمان، 6/319، حدیث:8327)

بعدِ تراویح مدنی مذاکرہ

بعدِ عصر مدنی مذاکرہ

یادِ شبِ
عید الفطر



# عید مبارک

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

"عید کوئی دُنیوی تَقریب (یعنی EVENT) نہیں
حُکمِ اِلٰہی ہے، جب مُطابِقِ شَرْع نہ ہو محض
(یعنی بِالکُل) بے کار بلکہ گُناہ ہے۔"

صلّوا علی الحبیب
صلّی اللہ علیٰ محمّد


## عید مبارک

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں:


"عید کوئی دُنیوی تَقریب (یعنی EVENT) نہیں حُکمِ اِلٰہی ہے، جب مُطابِقِ شَرع نہ ہو محض (یعنی بِالکُل) بے کار بلکہ گُناہ ہے۔" (فتاویٰ رضویہ، 10/445)


# یادِ رمضان

قسط:1




قسط:2






978-969-722-774-7
01082547

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی کراچی
+92 21 111 25 26 92 0313-1139278
www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net